آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز اتوار 28 نومبر 2021ء بمطابق 22 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ نمبر 297

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع	
فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

بلوچستان اسمبلی اجلاس: بلوچستان فوڈ فورٹیفکیشن مسودہ قانون 2021 منظور

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا (ترمیمی) مسودہ قانون پیش کیا جس کی ایوان نے منظوری دی، صوبائی وزیر خوراک کی جانب سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج نے بلوچستان فوڈ فورٹیفکیشن کا مسودہ قانون پیش کیا

بلوچستان اسمبلی سے پیش ہونے والے مسودہ قوانین کو آئندہ اسٹینڈنگ کمیٹیز کے سپرد کیا جائے تاکہ انہیں اسٹینڈنگ کمیٹیوں میں زیر بحث لایا جائے۔ بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس منگل 30 نومبر سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا

مالی سال 2020-21 کے حسابات، کووڈ 19 اخراجات، بی آر اے کی آڈٹ رپورٹ برائے سال 2019-20، گلوبل پارٹنرشپ برائے تعلیم کی آڈٹ سال 2019-20 کی آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹیں ایوان میں پیش

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی ترمیمی مسودہ قانون 2021، بلوچستان فوڈ فورٹیفکیشن مسودہ قانون 2021 منظور کر لئے گئے جبکہ ایوان میں مالی سال 2020-21 کے حسابات، کووڈ 19 اخراجات، بی آر اے کی آڈٹ رپورٹ برائے سال 2019-20، گلوبل پارٹنرشپ برائے تعلیم کی آڈٹ سال 2019-20 کی آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹیں ایوان میں پیش کردی گئیں۔ ہفتہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر خوراک کی جانب سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا (ترمیمی) مسودہ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو سے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام کو پنجاب کے خلاف ورغلایا گیا تھا، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں لوگوں کو پنجاب کے خلاف ورغلایا گیا لیکن پنجاب نے بلوچستان کے بڑے بھائی کا کردار ادا کیا ہے وزیراعظم عمران خان کے دور میں عملی طور پر بلوچستان میں کام ہورہے ہیں

وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب نے بلوچستان کی ترقی میں عملی طور پر کام کیا ہے 'پہلے ہمیں صرف کاغذوں اور باتوں کی حد تک مختلف منصوبوں کے شروع کرنے کی خوشی سنائی دیتی تھی لیکن وہ عملی طور پر نہیں ہوتے تھے

وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب نے بلوچستان کی ترقی میں عملی طور پر کام کیا ہے ماضی میں صرف کاغذوں اور اعلانات کی حد تک ترقی کی باتیں ہوئیں، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ماضی میں بلوچستان کے لوگوں کو پنجاب کے خلاف ورغلایا گیا، ماضی کی نفرتیں ختم ہوگئی ہیں اب ہمیں مزید پیار اور محبت بڑھانے کی ضرورت ہے، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب نے بلوچستان کی ترقی میں عملی طور پر کام کیا ہے ماضی میں صرف کاغذوں اور اعلانات کی حد تک ترقی کی باتیں ہوئیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں وزیراعلیٰ پنجاب کے ہمراہ میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان میں لوگوں کو پنجاب کے خلاف ورغلایا گیا لیکن پنجاب نے بلوچستان کے بڑے بھائی کا کردار ادا کیا ہے وزیراعظم عمران خان کے دور میں عملی طور پر بلوچستان میں کام ہورہے ہیں پہلے ہمیں صرف کاغذوں بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ینگ ڈاکٹروں کا دھرنا، عدالتی احکامات کو ہوا میں اڑا دیا

بلوچستان ہائیکورٹ کے واضح احکامات کے باوجود پیرامیڈیکس اسٹاف اور ینگ ڈاکٹرز نے اپنے فرائض کو نظرانداز کرکے فیاض سنبل چوک پر احتجاجی دھرنا دیا ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹروں نے عدالتی احکامات کو ہوا میں اڑا دیا اور ایک بار پھر اپنے فرائض چھوڑ کر دھرنا دے دیا۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے واضح احکامات کے باوجود پیرامیڈیکس اسٹاف اور ینگ ڈاکٹرز نے اپنے فرائض کو بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

دالبندین کے علاقے میں ٹریفک حادثہ دو ایک شخص زخمی

دالبندین (این این آئی) دالبندین کے علاقے میں ٹریفک حادثہ دو ایک شخص زخمی ہوگیا۔ لیویز کے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ عادل پور میں مبینہ طور پر نوجوان نے فائرنگ کرکے خودکشی کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پولیس تھانہ عادل پور میں مبینہ طور پر نوجوان نے فائرنگ کرکے خودکشی کرلی بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

منجھو شوری پولیس تھانہ کی حدود میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) منجھو شوری پولیس تھانہ کی حدود میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

نصیرآباد صدر پولیس تھانہ کی حدود میں مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں ایک عورت سمیت دو افراد قتل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد صدر پولیس تھانہ کی حدود میں مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

گورنر خیبرپختونخوا کا دتہ خیل میں سیکیورٹی فورسز کی چوکی پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

پشاور (این این آئی) گورنر خیبرپختونخوا شاہ فرمان نے شمالی وزیرستان کے علاقے دتہ خیل میں سیکیورٹی فورسز بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ڈیفنس فیز 6 میں تیز رفتار گاڑی بے قابو ہو کر فٹ پاتھ سے ٹکرا گئی، دو افراد جاں بحق، ایک زخمی

لاہور (این این آئی) ڈیفنس بے بلاک فیز 6 میں تیز رفتار گاڑی بے قابو ہو کر فٹ پاتھ سے ٹکرا گئی بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

حکمرانوں نے جھوٹ بولنے میں پی ایچ ڈی کررکھی ہے، امیر مقام

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن خیبرپختونخوا کے صدر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ عمران بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صدر حاجی علی مدد جتک کی ملاقات

کوئٹہ/لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری سے پاکستان بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

دس سال میں کشمیر کمیٹی کی چوبیس میٹنگ ہوئیں، کمیٹی کے رولز نہیں بنائے گئے تھے، شہریار آفریدی

5 اگست 2019 کے بعد کشمیر میں جنگی جرائم ہو رہے ہیں [illegible]

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی + این این آئی) پارلیمانی کشمیر کمیٹی کے چیئرمین شہریار آفریدی نے کہا ہے کہ دس سال میں کشمیر کمیٹی کی چوبیس میٹنگ ہوئیں، کمیٹی کے رولز نہیں بنائے گئے تھے، بھارت میں بیٹھا ایک شخص اقلیتوں کے لیے مسئلہ ہے، گردا بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

معاشی تباہی جوہری پاکستان اور اس کی سلامتی کے مفادات کے لئے زہر قاتل ہے' شہباز شریف

جب وزارت خزانہ مشیر خزانہ کے بیان کی تردید، جھوٹے اعداد و شمار دیئے جائیں تو پھر معیشت کا ایسے ہی دھڑن تختہ ہوتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے ڈالر کی تاریخی بلندی کو معاشی تباہی کے طوفان کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈالر کی تاریخی بلندی اور روپے کی گرتی قدر ملک میں حکومت اور درست معاشی پالیسی نہ ہونے کا ثبوت بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 8 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 32471 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 8 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 32471 ہوگئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے 5 اضلاع سے کورونا وائرس کے 395 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سے سابق صدر پاکستان تحریک انصاف امریکہ سجاد برکی ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع قلعہ عبداللہ میں خسرہ اور روبیلا مہم کے دوران 3 بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعہ کا نوٹس لیا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع قلعہ عبداللہ میں خسرہ اور روبیلا مہم کے دوران 3 بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعہ کا نوٹس لیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ غفلت کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی وزیراعلیٰ نے ٹیم کو واقعہ کی انکوائری کر کے 24 بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کر رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) نے عدلیہ، فوج کو دباؤ میں لانے کیلئے منصوبہ بندی کے تحت مہم چلائی' فواد چوہدری

بنیادی مقصد صرف یہی تھا کہ کسی طرح نواز شریف کی مقدمات سے جان چھوٹ جائے [illegible]

سعودی عرب سے تین ارب ڈالر، آئی ایم ایف سے معاہدہ آخری مراحل میں ہے، معاشی استحکام آئے گا، وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے عدلیہ اور فوج کو دباؤ میں لانے کے لئے منصوبہ بندی کے تحت مہم چلائی اور اس کا بنیادی مقصد صرف یہی تھا کہ کسی طرح نواز شریف کی مقدمات سے جان چھوٹ جائے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جب آپ پچیس، تیس سال حکمران رہ جاتے ہیں تو ہر شعبے میں اپنے پروردہ لوگوں کو وہاں پر لگا دیا جاتا ہے اور رانا شمیم بھی اسی طرح کا ایک کردار ہیں، مریم صفدر اور کیپٹن (ر) بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

دوا ساز کمپنیوں کا نئے جنوبی افریقی کورونا وائرس 'اومی کرون' کی ویکسین کی تیاری کا دعویٰ

فائزر کمپنی کیساتھ تیار کی جانیوالی کورونا ویکسین کی اومی کرون کیخلاف موثریت کا 2 ہفتوں میں پتہ چل جائیگا، بائیو این ٹیک

نیویارک (این این آئی) دنیا بھر کی بڑی دوا ساز کمپنیوں کی جانب سے تیزی سے منتقل ہونے والے تباہ کن کورونا وائرس کے جنوبی افریقی نئے ویریئنٹ 'اومی کرون' کی ویکسین کی تیاری اور جانچ کے دعوے سامنے آرہے ہیں۔ جرمن دوا ساز کمپنی بائیو این ٹیک نے کہا ہے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومت پنجاب بارکھان میں سو بستر ہسپتال بنائے گی، وزیراعلیٰ عثمان بزدار

وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب کی یونیورسٹیوں میں بلوچستان کی طالبات کے لئے مختص نشستیں دگنا کرنے دونوں صوبوں کی سرحد پر چیکنگ کے نظام کو آسان اور سہل بنانے کا اعلان کیا

پنجاب بڑے بھائی کی حیثیت سے بلوچستان کی ہر شعبہ میں معاونت جاری رکھے گا' عوامی نمائندوں کی مشاورت سے بلوچستان کے دیگر اضلاع میں بھی اسپتال بنا کر دینگے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اپنے دورہ کوئٹہ کے موقع پر وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ پہنچے جہاں وزیراعلیٰ پنجاب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی ملاقات میں ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری اور حزب اختلاف کے اراکین صوبائی اسمبلی بھی موجود تھے اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب کو شرکاء کی جانب سے دورہ کوئٹہ پر خوش آمدید کہا گیا وزیراعلیٰ پنجاب نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب بڑے بھائی کی حیثیت سے بلوچستان کی ہر شعبہ میں معاونت جاری رکھے گا انہوں نے کہا کہ وہ بلوچستان کو اپنا دوسرا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

مقامی لوگوں کا حق کسی کو مارنے کی اجازت نہیں دی جائے، اراکین بلوچستان اسمبلی

محکمہ زراعت سمیت تمام محکموں میں سیاسی بحران کے دوران ہونے والی بھرتیوں کو منسوخ کرکے ازسرنو ٹیسٹ انٹرویو کئے جائیں

محکمہ زراعت اور پی پی ایچ آئی میں حالیہ بھرتیوں میں بے قاعدگیوں کی تحقیقات کی جائیں، اراکین اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اراکین نے محکمہ زراعت اور پی پی ایچ آئی میں حالیہ بھرتیوں میں بے قاعدگیوں کا الزام عائد کرتے ہوئے اس پر تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے جبکہ قائم مقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے دونوں محکموں میں حالیہ بھرتی کے حوالے سے پیپر ورک طلب کرلیا ہے۔ ہفتہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں عوامی اہمیت کے حامل نکتے پر اظہار خیال کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے کہا کہ ضلع واشک میں محکمہ زراعت میں چوکیدار، خاکروب، کلاس فور کی آسامیوں پر تو شکی سے تعلق رکھنے والے لوگ تعینات کئے گئے ہیں اس معاملے کی تحقیقات کروائی جائیں، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو نے کہا کہ اراکین اسمبلی ذمہ دار شخصیات ہیں ان کے پاس ثبوت ہیں جنگی بنیاد پر وہ کارروائی کرنے کہہ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد آنے کے بعد مختلف محکموں میں بھرتیوں کا سلسلہ شروع کیا گیا جبکہ اخلاقی طور پر تحریک عدم اعتماد آنے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

اگر (ن) لیگ کو جسٹس (ر) ثاقب نثار کی آڈیو کے درست ہونے کا یقین ہے تو عدالتی ریکارڈ کا حصہ بنائیں، فرخ حبیب

کبھی جعلی قطری، ویڈیوز، کیلبری فونٹ، حلف نامے، ویڈیوز، آڈیوز آ گئیں [illegible] وزیر مملکت اطلاعات و نشریات

لاہور (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) جس طرح موقف اپنا رہی ہے اس سے ایسا لگتا ہے کہ جسٹس (ر) ثاقب نثار کی آڈیو کے فرانزک کے پیسے اس نے ادا کئے ہیں، اگر انہیں آڈیو کے درست ہونے کا انتہائی ثبوت ہے تو اسے اپنے کیس میں عدالتی ریکارڈ کا حصہ کیوں نہیں بنایا جا رہا، عالمی سطح پر پیٹرولیم کی قیمتوں میں کمی کا رجحان خوش آئند ہے اور اگر یہ جاری رہتا ہے تو طے شدہ مدت کے اندر اس کا ریلیف عوام کو منتقل کیا جائے گا۔ لاہور میں ایک تقریب میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک کی خوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے، گورنر بلوچستان

قومی سلامتی ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد بھی ملک وصوبوں کے حوالے سے بیرونی اور اندرونی چیلنجوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے قومی سلامتی کے مسائل کے بارے میں فہم و ادراک حاصل کرنا ہے

قومی سطح پر ایسے پروگراموں سے قومی مسائل و مشکلات کے بارے بہتر ادراک و تفہیم حاصل کرنے میں مدد و رہنمائی مل جاتی ہے سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ قومی سلامتی ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد بھی ملک وصوبوں کے حوالے سے بیرونی اور اندرونی چیلنجوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے قومی سلامتی کے مسائل کے بارے میں فہم و ادراک حاصل کرنا ہے۔ قومی سطح پر ایسے پروگراموں سے قومی مسائل و مشکلات کے بارے بہتر ادراک و تفہیم حاصل کرنے میں مدد و رہنمائی مل جاتی ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس ورکشاپ کے شرکاء، ملک وصوبوں میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور قومی جذبے کے فروغ کیلئے زیادہ متحرک، فعال اور پرجوش کردار ادا کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں قومی سلامتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میجر جنرل سلطان معین بھی موجود تھے۔ قومی سلامتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ پل پل بدلتی دنیا میں تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی اور بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ نے نسلہ، تجوری ہائٹس کیسز، تحریری حکم نامے جاری کردیئے

کمشنر کراچی 200 کی جگہ 400 مزدوروں کو لگائیں، نسلہ ٹاور گرانے کی کارروائی 1 ہفتے میں یقینی بنائیں، عدالت عظمیٰ

تجوری ہائٹس کا ملبہ اٹھانے کے لیے 20 روز کی مہلت، تجوری ہائٹس کی زمین کا قبضہ کمشنر کراچی کے پاس رہے گا، عدالتی حکم نامہ

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کی کراچی رجسٹری نے نسلہ ٹاور اور تجوری ہائٹس کیسز کے تحریری حکم نامے جاری کردیئے۔ عدالت عظمیٰ نے نسلہ ٹاور کیس سے متعلق 26 نومبر کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کیا ہے۔ جاری کیے گئے حکم نامے میں سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ کمشنر کراچی 200 کی جگہ 400 مزدوروں کو لگائیں، نسلہ ٹاور گرانے کی کارروائی 1 ہفتے میں یقینی بنائیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کا اپنے حکم میں کہنا ہے کہ نسلہ ٹاور گرانے کے عمل کو محفوظ بھی بنایا بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح پر تعاون اور ڈائیلاگ جاری ہے، نیٹو سیکرٹری جنرل

واشنگٹن (این این آئی) نیٹو کے سیکرٹری جنرل جینز اسٹولٹن برگ نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح پر تعاون اور ڈائیلاگ جاری ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیٹو کے سیکرٹری جنرل جینز اسٹولٹن برگ نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح پر تعاون اور ڈائیلاگ جاری ہے۔ نیٹو چیف نے کہا کہ پاکستان سے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

نسلہ ٹاور کو گرانے کا فیصلہ انسانی المیہ پیدا کررہا ہے، فاروق ستار

کراچی (این این آئی) سینئر سیاستدان ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پہلے نالوں پر تجاوزات ختم کرکے لوگوں کو بے گھر کیا گیا اب نسلہ ٹاور کو گرانے کا فیصلہ انسانی المیہ پیدا کررہا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ ریاست آئین اور قانون کی عملداری کے نئے چیلنجز پیدا ہو چکے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کو دو گھنٹے دس منٹ کی تاخیر سے قائم مقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت شروع ہوا

لوگ بے روزگاری، تنخواہوں کی بندش، طلباء کے لاپتہ کرنے سمیت دیگر مسائل پر سراپا احتجاج ہیں یہ آرڈیننس مارشل لاء جیسا قانون ہے

پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے بی این پی کے رکن میر اکبر مینگل نے کہا کہ گزشتہ شب گورنر بلوچستان کی جانب سے ایک آرڈیننس جاری کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کو دو گھنٹے دس منٹ کی تاخیر سے قائم مقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت شروع ہوا اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے بی این پی کے رکن میر اکبر مینگل نے کہا کہ گزشتہ شب گورنر بلوچستان کی جانب سے ایک آرڈیننس جاری کیا گیا ہے جس کے تحت کوئی بھی احتجاج یا اپنی آواز بلند نہیں کرپائیگا انہوں نے کہا کہ لوگ بے روزگاری، تنخواہوں کی بندش، طلباء کے لاپتہ کرنے سمیت دیگر مسائل پر سراپا احتجاج ہیں یہ بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بہت جلد کوئٹہ پورے بلوچستان کا کاروباری مرکز ہوگا، قاسم سوری

وزیراعظم عمران خان نے مجھے نادرا کمیٹی کا کنونیئر منتخب کیا ہے مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے اور شناختی کارڈ کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنایا جائے

کوئٹہ کا پرامن اور پرسکون ماحول مزید کاروباری سرگرمیوں کو جنم دے رہا ہے اور بہت جلد کوئٹہ پورے بلوچستان کا کاروباری مرکز ہوگا، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں آئے روز کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہورہا ہے اور لوگ اپنا سرمایہ یہاں لگا رہے ہیں، بہت جلد کوئٹہ پورے بلوچستان کا کاروباری مرکز ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو سرکلر روڈ پر ایک نئی پلازہ کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کا پرامن اور پرسکون ماحول مزید کاروباری سرگرمیوں کو جنم دے رہا ہے اور بہت جلد کوئٹہ پورے بلوچستان کا کاروباری مرکز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے مجھے نادرا کمیٹی کا کنونیئر منتخب کیا ہے مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے اور شناختی کارڈ کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عرصہ دراز سے پینے کے صاف پانی کا حصول بہت مشکل ہے کیونکہ بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

سمندر پار پاکستانیوں کو پارلیمنٹ میں نمائندگی دی جائے جو ان کے بیرون ملک میں منتخب نمائندگان کریں، سراج الحق

اگر اوورسیز کمیونٹی پاکستان میں مقیم افراد کو منتخب کرکے اسمبلیوں میں بھیجتی ہے تو ان کے بیرونی ممالک میں مسائل حل نہیں ہو سکیں گے

دوحہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کو پارلیمنٹ میں نمائندگی دی جائے جو ان کے بیرون ملک میں منتخب نمائندگان کریں۔ اگر اوورسیز کمیونٹی پاکستان میں مقیم افراد کو منتخب کرکے اسمبلیوں میں بھیجتی ہے تو ان کے بیرونی ممالک میں مسائل حل نہیں ہوں گے۔ ملک کی حکمران اشرافیہ سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل سے ناآشنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دوحہ قطر میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے دی گئی استقبالیہ تقریب بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کورونا سے محفوظ رہنے کیلئے ویکسینیشن لازمی ہے، احسان شاہ

یکم دسمبر سے کووڈ 19 کی ویکسینیشن کے حوالے سے خصوصی مہم شروع کرنے جارہی ہے پہلے مرحلے میں بلوچستان کے دس اضلاع میں یہ مہم شروع کیا جائے گا

کوئٹہ، پشین، کیچ، قلات، خضدار، لورالائی، نصیرآباد، لسبیلہ اضلاع، جعفرآباد، قلعہ عبداللہ شامل ہیں ان دس اضلاع میں ویکسینیشن کی خصوصی مہم کا آغاز کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں یکم دسمبر سے کووڈ 19 کی ویکسینیشن کے حوالے سے خصوصی مہم شروع کرنے جارہی ہے پہلے مرحلے میں بلوچستان کے دس اضلاع میں یہ مہم شروع کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محکمہ صحت کے متعلق اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان حکومت جن دس اضلاع میں ویکسین کی خصوصی مہم شروع کرنے جارہی ہے ان اضلاع میں، کوئٹہ، پشین، کیچ، قلات، خضدار، لورالائی، نصیرآباد، قلعہ عبداللہ، جعفرآباد، لسبیلہ اضلاع شامل ہیں ان دس اضلاع میں ویکسینیشن کی خصوصی مہم شروع کیا جائے گا اور ٹیمیں گھر گھر جاکر لوگوں کو ویکسین لگائیں گے مہم کا آغاز یکم دسمبر سے شروع ہوکر دس دسمبر تک جاری رہے گا اور تیس بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

جسٹس (ر) شوکت صدیقی کو ملک کے وکلاء کا لیجنڈ قرار دیا گیا ہے، امان اللہ کنرانی

پیشہ وکالت جیسے مقدس پیشے کی اجازت دوبارہ بغیر کسی اعتراض کے ملنا باعث افتخار ہے، سابق صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے جسٹس (ر) شوکت صدیقی کا وکالت کا لائسنس بحال ہونے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شوکت صدیقی ملک کے وکلاء کے لیجنڈ ہیں وہ بغیر کسی داغ کے انتہائی باعزت انداز میں وکالت کے فرائض سرانجام دیں گے یہاں جاری کردہ اپنے ایک بیان میں امان اللہ کنرانی نے کہا کہ پاکستان بار کونسل کی جانب سے جسٹس (ر) شوکت عزیز صدیقی کا لائسنس بحال کرنے کا فیصلہ قابل بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

شافع حسین سے سابق وزیر مملکت برائے داخلہ ظفر اقبال وڑائچ کی ملاقات، چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر و سابق وزیراعظم پاکستان چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادے چوہدری شافع حسین سے گزشتہ روز سابق وزیر مملکت برائے داخلہ و صدر پاکستان تحریک انصاف رحیم یار خان ظفر اقبال وڑائچ نے ملاقات کی اور ان کے بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایئرپورٹ پر پروازوں کی بندش کی خبروں میں صداقت نہیں، سی اے اے

مین رن وے سے متصل ثانوی رن وے کو استعمال کیا جارہا ہے اور اس رن وے سے ایئر ٹریفک اسے استعمال کررہا ہے، ترجمان

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) کے ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پروازوں کی بندش سے متعلق خبریں محض افواہیں ہیں، ان میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق کوئٹہ سے مقامی اور بین الاقوامی مسافروں کو، بالخصوص حجاج کرام کو براہ راست ان کی منزل پر پہنچانے کی غرض سے ایئرپورٹ کا مین رن وے دوبارہ تعمیر کے مراحل میں ہے اور 27 بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

میکسیکو میں بس حادثہ، 19 افراد ہلاک، 30 سے زائد زخمی، ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ

میکسیکو سٹی (این این آئی) میکسیکو میں بس حادثے میں 19 افراد ہلاک اور 30 سے زائد زخمی ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب وسطی میکسیکو کی ہائی وے پر مسافر بس بریک فیل ہونے کی وجہ سے بے قابو ہوکر ایک گھر میں بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوچستان سونا، چاندی، تانبا، گیس، کرومائیٹ، ماربل جیسی معدنیات کی سرزمین ہے، میر نواب محمد خان شاہوانی

یہ صوبہ وسائل سے مالا مال ہے پانچ سو ساحلی پٹی پر مشتمل صوبہ ہے اس کے باوجود یہاں پسماندگی، بے بسی اور محرومیاں ہیں

خضدار (این این آئی) پیپلز پارٹی کا ضلع خضدار کے علاقہ توتک میں گرینڈ شمولیتی جلسہ عام، جلسہ عام کے دوران سردارزادہ سیف اللہ عمرانی، درخان عمرانی فہیم جان سمیت سینکڑوں کی تعداد میں قبائلی عمائدین نے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔ جلسہ عام سے پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، چیف آف سراوان نواب محمد خان شاہوانی، پیپلز پارٹی پاکستان کے ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر صادق عمرانی، پیپلز پارٹی خضدار کے صدر سجاد زیب بلوچ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر عبدالرحمن زہری نکری بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بچوں کو تعلیم کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، نصیب اللہ مری

اساتذہ کے تقرر و تبادلوں میں کسی بھی قسم کی اقرباء پروری کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اسکولوں میں بچوں کو تعلیم کی ہرممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے فنڈز کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ اسکولوں میں بچوں کو تعلیم کی ہرممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے فنڈز کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے، سرکاری اسکولوں میں پینے کے صاف پانی، فرنیچر اور باتھ روم کی سہولیات کو یقینی بنایا جائے، اساتذہ کے تقرر و تبادلوں میں کسی بھی قسم کی اقرباء پروری کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اگر کسی کے خلاف کوئی شکایت ہوئی تو اسکے خلاف قانون کے مطابق محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یہ بات بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

وزارتوں کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد بعض وزراء نے اپنے حلقہ انتخاب میں انتقامی کارروائیوں کا آغاز کردیا ہے، میر صادق عمرانی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صدر سابق صوبائی وزیر سینٹرل کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی نے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو، چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ نصیرآباد میں غیر قانونی طور پر میری زمین پر تعمیر کی جانے والی 30 دکانوں کا نوٹس لیتے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور: سابق صدر آصف علی زرداری سے پی پی کے سابق صدر بلوچستان حاجی علی مدد جتک کی ملاقات کے موقع پر گروپ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلیکیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

28 نومبر 2021ء

آئی ایم ایف اور پاکستان

پیپلز پارٹی کے رہنمار ضا ربانی نے پاکستان کے آئی ایم ایف کے ساتھ حالیہ معاہدے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی نئی شرائط نے پاکستان کی مالیاتی خودمختاری چھین لی ہے۔ اور موجودہ حکومت نے جوہری ملک پاکستان کو آئی ایم ایف کے حوالے کرنے کا عالمی ایجنڈا پورا کیا ہے۔ رضا ربانی پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ہیں اور انھوں نے ہمیشہ اپنی آزاد اور منفرد رائے کا دوٹوک اظہار کیا ہے۔ وہ چیئرمین سینٹ بھی رہ چکے ہیں۔ صوبوں کے حوالے سے 18 ویں ترمیم کی تیاری اور منظوری میں انھوں نے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ رضا ربانی کا شمار ان چند سیاسی قائدین میں ہوتا ہے جنھوں نے ہر دور میں امریکی بالادستی کے خلاف دوٹوک موقف اختیار کیا اور اس کا اظہار کیا ہے اس میں شبہ نہیں کہ آئی ایم ایف نے پاکستان کی رہی سہی مالیاتی خودمختاری کو بھی ختم کر کے رکھ دیا ہے۔ اور پاکستانی عوام کے نقطہ نظر سے عالمی مالیاتی ادارے ہی دراصل ملکی معیشت کی تباہی اور خاص طور سے عام آدمی کی معاشی مشکلات کے بنیادی ذمہ دار ہیں۔ تاہم یہ کہنا درست نہیں کہ پاکستان کی مالیاتی خودمختاری کے خاتمے کی تمام ذمہ داران موجودہ حکومت تک محدود ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے حکمران طبقے اور اس کی نمائندہ سیاسی قیادت نے روز اول سے مغربی قوتوں خاص طور سے امریکی سامراج کے ساتھ وابستگی بنا رکھا ہے۔ اور ہر حکومت نے امریکہ کے حکمرانوں کو خوش رکھنے کیلئے پاکستانی معیشت کو عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے ماتحت دینے میں اپنا اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ویسے بھی آج پاکستانی معیشت جس طرح اپنی خودمختاری مکمل طور پر کھو چکی ہے۔ یہ اچانک نہیں ہوا اور نہ ہی موجودہ حکومت اکیلی واحد ذمہ دار ہے۔ اس ملک میں حکومت مسلم لیگ ن کی رہی ہو یا پیپلز پارٹی ہو سویلین ہو یا عسکری سب کے سب مغرب کو خوش کرنے اور عالمی مالیاتی اداروں پر انحصار کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا رہے ہیں۔ اور یقیناً آج بھی یہ عمل جاری ہے۔ ایک طویل عرصہ سے جاری ناقص اقتصادی پالیسی کے نتیجے آج کی خطرناک صورتحال پیدا ہوئی ہے۔ رضا ربانی جیسے سنجیدہ سیاسی رہنماؤں کی طرف سے صورتحال کی نشاندہی اور تجزیہ قابل تعریف ہے لیکن یہ کافی نہیں۔ محب وطن سیاست دانوں کو پاکستان کی مالیاتی خودمختاری کے حصول کیلئے آگے بڑھ کر فعال کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ اور یہ بات واضح ہے کہ روایتی سیاسی جماعتیں جو خود ان بداعمالیوں کی ذمہ دار ہیں وہ اس سلسلے میں کوئی کردار ادا نہیں کر سکتیں اس مقصد کیلئے صرف پاکستان کے عوام کی قوت پر انحصار کرنا ہوگا۔

وفاقی محتسب اور مفت انصاف

روبیل اکبر

کچھ دن پہلے ایک انتہائی نفیس اور مخلص انسان میاں آفتاب سے ملاقات ہوئی جنگی کوششوں سے غریب عوام کو سیاہ ٹنس کی ادویات میں کتنا ریلیف ملا...

ذرا نہیں مکمل سوچئے!

تحریر سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

اے چاند یہاں نکلا نہ کر

ایم سرور صدیقی

بیٹیو تمہیں سلام

پروفیسر غلام دستگیر صابر

کراچی اور نصیر آباد

حسین بخش سولنگی

اداروں کی قدر کریں!!!! (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پبلشر ڈاکٹر علیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: بجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ ریذیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

قانون پیش کیا، اس موقع پر اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ اپوزیشن کو مسودہ قانون پیش کیے جانے سے کوئی اختلاف نہیں مگر ایوان میں مسودہ قانون پیش کیے جانے کا ایک طریقہ کار موجود ہے اس قواعد کے تحت تمام مسودہ قوانین ایوان میں پیش کیے جانے چاہئیں تاکہ تمام ارکان کو معلوم ہو کہ کیا مسودہ قانون منظور کر رہے ہیں قواعد کے مطابق پہلے مسودہ قانون ایوان میں پیش ہوتا ہے جسے متعلقہ اسٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے جہاں اس پر غور کے بعد ایوان میں لا کر منظور کیا جاتا ہے، اب جو طریقہ کار یہاں اپنایا جا رہا ہے وہ درست نہیں، گزارش ہے کہ مسودہ قوانین کو قواعد کے مطابق ایوان میں لایا جائے، اس موقع پر بعض اپوزیشن ارکان نے کہا کہ مسودہ قانون متعلقہ وزیر پیش کریں جس پر اجلاس کی صدارت کرنے والے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا کہ متعلقہ وزیر یا منسٹر کی غیر موجودگی میں کوئی بھی رکن مسودہ قانون ایوان میں پیش کر سکتے ہیں جس کے بعد صوبائی وزیر خوراک کی جانب سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا (ترمیمی) مسودہ قانون پیش کیا جس کی ایوان نے منظوری دی، صوبائی وزیر خوراک کی جانب سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج نے بلوچستان فوڈ فورٹیفیکیشن کا مسودہ قانون پیش کیا اس کی بھی ایوان نے ...

MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY

e-Bidding System
شفاف، تیز اور جدید

INVITATION FOR e-BIDS

1. National Highway Authority (NHA) **invites e-bids** from eligible constructors, registered with income tax department and who are on Active Taxpayers List of FBR, having valid PEC Registration in Category C-5 or above with Specialization in CE-01 & CE-10 for **Routine Maintenance (AMP 2020-21) on S-2 (Kohala Muzaffarabad Road) & S-3 (Muzaffarabad Chakothi Road) "Srinagar Highway".** The estimated cost and other brief of project are mentioned below:

S#	CONTRACT NO.	SCOPE OF WORK	Chainage (KM)	Route	Estimated Cost Rs.(Million)
1	RM-AJK-21-S2-01	Routine Maintenance	00 – 08	S-2	10.841
2	RM-AJK-21-S2-02		08 – 16		11.468
3	RM-AJK-21-S2-03		16 – 24		11.316
4	RM-AJK-21-S2-04		24 – 35		9.656
5	RM-AJK-21-S3-01		00 – 10	S-3	11.441
6	RM-AJK-21-S3-02		10 – 20		10.600
7	RM-AJK-21-S3-03		20 – 30		10.442
8	RM-AJK-21-S3-04		30 – 40		10.911
9	RM-AJK-21-S3-05		40 – 50		11.797
10	RM-AJK-21-S3-06		50 – 59		11.287

2. The bidding shall be done through NHA e-Bidding System. Constructors, having valid PEC Registration are required to create their "On-line User Account" for participation in the bidding of Maintenance Works. User Guide, illustrating the steps to create "On-line User Account", is available at **www.ebidding.nha.gov.pk**. Access to NHA "NHA e-bidding system" for bidding, will be granted upon submission of pre-requisite documents as per guide line. Bid submitted, by using NHA e-bidding system, will only be considered, whereas other bids will be rejected.
3. Complete set of bidding documents for the above mentioned works, containing detailed terms & conditions, method of procurement (Single Stage – Two Envelope procedure), submission of e-bids, Bid Security, bid validity, opening of e-Bid, Evaluation Criteria, etc. will be available on NHA websitefor downloading free of cost. Bidders are also advised to follow the NHA website for updates of bidding schedule and addendum(s), if any.
4. The e-bid must be prepared and submitted through NHA e-Bidding system in accordance with the instructions contained in the bidding documents. Hard copy of e-Bid prepared through NHA e-Bidding system, must reach at the address mentioned below on or before **December 15, 2021 at 1200 Hours**. Technical e-Bid (submitted through NHA e-Bidding system) and envelope containing hard copy of Technical e-Bid, will be opened on the same day at **1230 Hours.**
5. The Bidders providing unsubstantiated and/or incorrect information shall be liable to disqualification and/or legal action.
6. This advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk**

GENERAL MANAGER (MAINTENANCE) S-2/S-3 & IMDC
(SRINAGAR HIGHWAY)
National Highway Authority, Muzaffarabad
Ministry of Communications
House No. D-190 Upper Chatter, Muzaffarabad AJK
Ph#: 05822-924315-16, Fax #: 05822-924319, Email: dirnhamzd@gmail.com

PID(I)NO 3528/21

بے روزگاری کے خاتمے کیلئے صوبائی حکومت اقدامات کر رہی ہے، محمد خان لہڑی

سینکڑوں کی تعداد میں نوجوانوں کو باعزت طریقے سے روزگار کی فراہمی کے لیے موثر انداز میں عمل پیرا ہیں

ضلع نصیر آباد میں مزید 105 میل اور فی میل اساتذہ میں آرڈر تقسیم کیئے گئے ہیں، صوبائی وزیر اریگیشن

نصیر آباد (خ ن) صوبائی وزیر اریگیشن حاجی محمد خان لہڑی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اظہر شہزاد نے کہا ہے کہ صوبے سے بے روزگاری کے خاتمے اور تعلیمی ماحول میں مزید بہتری لانے کے لیے صوبائی حکومت ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے سینکڑوں کی تعداد میں نوجوانوں کو باعزت طریقے سے روزگار کی فراہمی کے لیے موثر انداز میں عمل پیرا ہیں ضلع نصیر آباد میں مزید 105 میل اور فی میل اساتذہ میں آرڈر تقسیم کیئے گئے ہیں نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ دل جوئی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں تاکہ جہالت کا خاتمہ ممکن ہو سکے اور ہماری نئی نسل تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو سکے غیر حاضر اساتذہ کسی صورت برداشت نہیں کیئے جائیں گے ہم اپنے بچوں کے مستقبل کو جہالت کی تاریکی میں دھکیلنے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ہرنائی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

گوادر کے غریب ماہی گیر نوڈوں سے اپنے جائز حقوق کے لئے دھرنا دیئے بیٹھے ہیں، میر عرض محمد بزنجو

گوادر کے ماہی گیر محب وطن پاکستانی ہیں۔ کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جا سکتا

کوئٹہ (نامہ نگار) ممتاز قبائلی شخصیت مسلم لیگ ن بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر نوکنڈی سٹی کے سابق ناظم حاجی میر عرض محمد بزنجو نے گوادر کے ماہی گیروں کے مطالبات فوری طور پر تسلیم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے نو دن سے جاری ان کے دھرنے کی بھرپور حمایت کی ہے انہوں نے مرکزی وصوبائی حکومتوں کی بے حسی اور ہٹ دھرمی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گوادر کے غریب ماہی گیر نوڈوں سے اپنے جائز حقوق کے لئے دھرنا دیئے بیٹھے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود میں پرانی دشمنی کے بنا پر ایک شخص کو قتل کر دیا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود میں پرانی دشمنی کے بنا پر ایک شخص کو قتل کر دیا گیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب پولیس کی جانب سے گرفتاری کے لئے مختلف علاقوں میں چھاپے تفصیلات کے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

وڈیرہ محمد صالح جاموٹ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی گنداوی تعینات

خضدار (این این آئی) وڈیرہ محمد صالح جاموٹ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی گنداوی تعینات۔ وہ اس سے قبل بطور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار چیف آفیسر میونسپل کمیٹی بیلہ کے عہدوں پر فائز رہے۔ ڈسٹرکٹ کونسل خضدار میں خدمات سرانجام دینے کے بعد اب وہ میونسپل کمیٹی گنداوی میں بطور چیف آفیسر اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ وڈیرہ محمد صالح جاموٹ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

عبداللہ کھوسہ کی زیر صدارت ڈی پی ای سی کا اجلاس گزشتہ روز بارکھان میں منعقد ہوا ہے

ضلع بھر میں پانچ روزہ پولیو مہم 13 دسمبر سے 17 دسمبر تک جاری رہے گا

کوئٹہ (خ ن) بارکھان میں ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ کی زیر صدارت ڈی پی ای سی کا اجلاس گزشتہ روز بارکھان میں منعقد ہوا ہے ضلع بھر میں پانچ روزہ پولیو مہم 13 دسمبر سے 17 دسمبر تک جاری رہے گا جس میں 5 سال سے کم عمر بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے اجلاس سے ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع بھر میں مہم کے دوران 39480 بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے چونکہ پولیو بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

مہم کے آخری دو دن رہ گئے ہیں تمام یو سیز اپنے ہدف کو ہر صورت پورا کریں، ڈاکٹر نصر اللہ لانگو

قلات (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر قلات ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی زیر صدارت خسرہ روبیلا مہم کے سلسلے میں گیارہویں روز ایوننگ اجلاس ڈی ایچ او آفس قلات میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر اقبال نورزئی ودیگر نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر کی یونین کونسلوں کی مجموعی کارکردگی، ٹارگٹ کے مطابق ویکسینیشن کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری کو ڈائریکٹریٹ ایجوکیشن کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

صنفی امتیاز کا خاتمہ رویے تبدیل کئے بغیر ممکن نہیں، ثمینہ زہری

خواتین پر تشدد اور ہراسگی سے متعلق معاملہ صرف قانون بنانے کی حد تک نہیں بلکہ قوانین پر عملدرآمد کرانے کا ہے، رکن برطانوی پارلیمنٹ عمران حسین

پاکستان بالخصوص بلوچستان میں خواتین کو حکومتی امور میں اہم ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں جو قابل ستائش اقدام ہے، شیڈو ڈپٹی لیڈر برطانوی پارلیمنٹ افضل خان

کوئٹہ (این این آئی) خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر برطانوی پارلیمنٹ کے رکن اور آل پارٹیز پارلیمنٹری گروپ کے سینئر وائس چیئرمین برائے کشمیر شیڈو منسٹر بیرسٹر عمران حسین کی دعوت پر پاکستانی سینیٹرز نے لندن میں برطانوی پارلیمنٹ کا دورہ کیا۔ پاکستانی سینیٹرز کے وفد میں کنوینر ڈیلی کمیٹی برائے قائمہ کمیٹی وزارت داخلہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، رکن کشمیر کمیٹی اینڈ فارن افیئرز سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی، سینیٹر فوزیہ ارشد اور سینیٹر دنیش کمار شامل تھے۔ ملاقات میں رکن برطانوی پارلیمنٹ وشیڈو ڈپٹی لیڈر آف کامنز (برطانوی دارالعوام) افضل خان بھی شامل تھے۔ ملاقات میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کے حوالے سے مختلف امور پر سیر حاصل گفتگو ہوئی اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ خواتین بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

مسلط کردہ حکومت نے عوام کا جینا حرام کر دیا، مفتی محمد آغا

بیروزگاری کے مارے تعلیم یافتہ نوجوان فاقہ کشی پر مجبور ہے

سلیکٹڈ نیازی حکومت نے الیکشن سے پہلے جو بھی وعدے کئے وہ جھوٹ کا پلندہ ثابت ہوا ہے

سراناں (آن لائن) وزیر اعظم چند دنوں کے مہمان ہیں عوام کو جلد اس سے چھٹکارا مل جائیگا ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام تحصیل سراناں کے امیر مفتی محمد آغا جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ آغا مولوی محمد رفیق سابق چیئرمین مولوی محمد صادق ملک نظام سید عزیز اللہ آغا حاجی حبیب اللہ حاجی اشرف حاجی حضرت علی مولوی سید نیاز محمد آغا حافظ عطاء اللہ بدرالدین آغا عبدالغفور مولوی محمد شفیع مولوی صالح محمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلط کردہ حکومت بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ کی جانب سے ہرنائی میں ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ کی ہدایات پر فرنٹیئر کور لورالائی سکاؤٹس کی جانب سے ہرنائی پبلک سکول میں ایک روزہ مفت طبی کیمپ منعقد کیا گیا۔ کیمپ میں ماہر امراض ڈاکٹروں نے 420 سے زائد افراد جن میں 270 خواتین اور 90 بچے بھی شامل تھے کا معائنہ کیا اور ادویات تقسیم کیے۔ ہرنائی میں 07 اکتوبر کو زلزلہ اور اس کے بعد متواتر آفٹر شاکس پیش آنے کے نتیجے میں فرنٹیئر کور بلوچستان تسلسل سے فری میڈیکل کیمپس منعقد کر رہی ہیں۔

تمپ ڈسٹرکٹ کا مسئلہ کئی دہائیوں سے التوا کا شکار ہے، رئیس ماجد شاہ

تمپ (آن لائن) سیاسی وسماجی رہنما رئیس ماجد شاہ نے کہا ہے تمپ ڈسٹرکٹ کا مسئلہ کئی دہائیوں سے التوا کا شکار ہے جس کی وجہ عوام میں شدید بے چینی پھیل رہی ہے حلقے کے نمائندوں کے کان میں جوں تک نہیں رینگتی کہ عوام کس کرب سے دوچار ہیں سابقہ وزرائے اعلیٰ جام یوسف عالیانی نواب اسلم رئیسانی عبدالقدوس بزنجو موجودہ وزیر اعلی جام کمال عالیانی نے تمپ ڈسٹرکٹ کے قیام کا اعلان کیا مگر افسوس یہ تمام اعلانات صدا بہ صحرا ثابت ہو رہے ہیں۔

بند لائبریری کو فعال کیا جائے قیمتی کتب اور فرنیچر تباہ ہو رہا ہے

بیلہ (آن لائن) بند لائبریری کو فعال کیا جائے قیمتی کتب اور فرنیچر تباہ ہو رہا ہے لائبریری گزشتہ کئی سالوں سے بند ہے جس کے باعث کتب بینی کے شائق افراد میں مایوسی وتشویش پائی جاتی ہے لائبریری کو دوبارہ فعال کر کے نوجوانوں کو علمی ادب اور مثبت سرگرمی مہیا کی جائے ان خیالات کا اظہار نوجوان طالبعلم ممتاز گدور اور دیگر نوجوانوں نے ہفتہ کے روز آن لائن اور عوامی پریس کلب بیلا میں صحافیوں سے ملاقات میں کیا انہوں نے اس امر پر گہری تشویش اور افسوس بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار، ایس ایس پی جعفر آباد سردار حسن خان موسیٰ خیل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ہمارا کام وزیر اعظم عمران خان کے ویژن پر عمل کرنا ہے، داؤد خان اتمان خیل

گورنر ہاؤس کے دروازے آج ہر عام وخاص کیلئے کھول دیئے گئے ہیں، کارکنان سے خطاب

لورالائی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے داؤد خان اتمان خیل نے پارٹی دفتر میں ایک تقریب کے موقع پر قبائلی معتبرین پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنر ہاؤس کے دروازے آج ہر عام وخاص کیلئے کھول دیئے گئے ہیں، ہمارا کام وزیر اعظم عمران خان کے ویژن پر عمل کرنا ہے، ہماری صرف باتوں کیلئے نہیں آئی بلکہ صوبے کے عوام کا احساس بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

عوام کی صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر طور پر اقدامات کر رہے ہیں، ڈاکٹر رخسانہ مگسی

ضلع میں جاری خسرہ اور روبیلا مہم جاری ہے جو کہ 90 فیصد ریکور ہو چکا ہے

گنداواہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھل مگسی ڈاکٹر رخسانہ مگسی نے کہا ہے کہ عوام کی صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر طور پر اقدامات کر رہے ہیں ضلع میں جاری خسرہ اور روبیلا مہم جاری ہے جو کہ 90 فیصد ریکور ہو چکا ہے اور ہماری کوشش ہیکہ ہم سو فیصد مکمل کر لیں کیونکہ ضلع کی 13 یونین کونسلوں میں 57316 ایم آر اور 22961 او پی وی بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا کا قومی سلامتی ورکشاپ کے شرکاء اور منتظمین کے ساتھ گروپ فوٹو

عالم دین مولانا قاری محمد الیاس کی شہادت کھلی دہشت گردی ہے، میر حشمت لہڑی

جمعیت علما اسلام ملک کے سب بڑی سیاسی ومذہبی قوت ہے

حکمران طبقہ علما کرام کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی رہنما حاجی میر حشمت لہڑی حاجی میر شبیر احمد کرد حاجی میر حبیب اللہ برکانی امین جان رند نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ حکمران طبقہ علما کرام کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہیں باجوڑ سے تعلق رکھنے والے جمعیت علما اسلام کے جوانوں عالم دین مولانا قاری محمد الیاس کی شہادت کھلی دہشت گردی ہے جبکہ علما کرام کی پے در پے قتل عام گہری سازش ہے انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

انشاء اللہ صوبے میں مسلم لیگ (ن) کا دور شروع ہوگا، رحیم کاکڑ

پارٹی کو باپ کی جاگیر سمجھنے والے ان افراد کی اب ایک نہیں چلے گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق سینیٹر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ انشاء اللہ صوبے میں مسلم لیگ (ن) کا دور شروع ہوگا جس کیلئے بہترین حکمت عملی کے تحت کام جاری ہے پارٹی کو باپ کی جاگیر سمجھنے والے ان افراد کی اب ایک نہیں چلے گی اور ورکروں کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی نہیں چلے گی پارٹی کو ہر طرح سے طاقت ور بنانے کی پالیسی کو اپنایا جائے گا صوبے میں پارٹی کو اپنے گھر کی لونڈی کی طرح سے چلانے کی وجہ سے پارٹی کو بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

صحت مند معاشرے کیلئے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومت کوشاں ہیں، علی ناصر مگسی

جھل مگسی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ ٹراما سینٹر اور اس کی فعالیت سے عوام کو صحت کی سہولیات میسر ہوگی

گنداواہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان علی ناصر مگسی نے کہا ہے کہ جھل مگسی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ ٹراما سینٹر اور اس کی فعالیت سے عوام کو صحت کی سہولیات میسر ہوگی اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار بھی ملے گا ان خیالات کا اظہار انھوں نے گنداواہ دورہ کے موقع پر مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او جھل مگسی ڈاکٹر رخسانہ مگسی، پی پی ایچ آئی جھل مگسی جہانگیر زہری اور معروف ٹھیکیدار قاضی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

گیس انتظامیہ جان بوجھ کر گیس پریشر کی کا مسئلہ پیدا کیا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

گیس پریشر میں کمی اور سردی میں اضافے کے باعث ہم واپس پرانے دور کی طرف لوٹ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا محمد حیات نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبید اللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی حافظ ثناء اللہ شاہ نے کہا کہ ہائی کورٹ میں پی یو جی/سلومیٹر بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے سرد ترین علاقہ قلات میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا

گیس پریشر کی مکمل بندش سے قلات کے عوام سخت مشکلات کا شکار ہیں

قلات (نامہ نگار) بلوچستان کے سرد ترین علاقہ قلات میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا گیس پریشر کی مکمل بندش سے قلات کے عوام سخت مشکلات کا شکار ہیں دوسری جانب سوختی لکڑیاں بھی ناپید اور من مانگے داموں میں فروخت ہوتے ہیں بجلی پر اوور لوڈنگ زیادہ ہونے کی وجہ سے بار بار ٹرپنگ کرتے ہیں جس کی وجہ اکثر کلیوں کے ٹرانسفارمر جل چکے ہیں اور آدھا قلات اندھیرے میں ہیں غریب عوام وہ وقت کے روٹی کیلئے ترستے ہیں وہ کہاں سے ایل پی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

تنظیم کو شہر کے کونے کونے تک لیجائیں گے، میر اللہ داد رند

ہمارا مقصد صرف نوجوانوں کو یکجا کرنا ہے انہیں مضبوط بنانا ہے

سبی (نامہ نگار) تنظیم کو شہر کے کونے کونے تک لیجائیں گے اللہ داد رند نوجوانوں کو یکجا کر کے ملک کی ترقی پر گامزن ہو گئے تفصیلات کے مطابق پاکستان پیٹرولنگ یوتھ ضلع سبی کے جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند نے کہا ہے کہ بہت جلد سبی شہر میں تنظیم سازی کا آغاز کریں گے شہر کے کونے کونے تک اپنی تنظیم کو فعال کریں گے ضلعی کابینہ مکمل ہونے کے فوراً بعد تحصیل کابینہ بھی مکمل کریں گے اور بہت جلد یونٹ سازی کا آغاز کریں گے اللہ داد رند نے اپنے بیان میں مزید کہا ہے کہ تنظیم کو فعال بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

طلبا اپنی قیمتی وقت نظریاتی جماعت میں صرف کرے، حافظ امین اللہ

جمعیت طلبا اسلام نظریاتی اکابرین دیوبند کے نقش قدم پر چل رہے ہیں

جے ٹی آئی نظریاتی شیخ الہند کے زندگی کے آرمانوں کو پورا کر کے دم لیں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ اور جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ سینئر نائب صدر حافظ بشیر احمد نظریاتی عزیز الحق درویش نصیب خان عبدالظاہر خاص الدین قدرت اللہ خلجی حافظ شریف اللہ ذبیح اللہ محمد نعیم معصوم شمس اللہ محمد اکرم عبدالغفور شفوزئی حمداللہ اور حیدر علی سنگرل نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ طلبا اپنی قیمتی وقت نظریاتی جماعت میں صرف کرے جمعیت طلبا اسلام نظریاتی اکابرین دیوبند کے نقش قدم پر چل رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ روز بروز فعال ہوتے جا رہے ہیں یہ مخلص کارکنوں کے اخلاص کا نتیجہ ہے انہوں نے کہا کہ جی ٹی آئی نظریاتی شیخ الہند کے زندگی کے آرمانوں کو پورا کر کے دم لیں گے جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ہر قسم تعصب ہر قسم قومیت سے پاک طلبہ تنظیم ہے۔

وفاقی وزیر ریلوے اعظم سواتی یکم دسمبر کو بولان میل کا افتتاح کرینگے

کورونا وائرس کی وجہ سے جہاں پورے ملک میں ریلوے کے بیشتر ٹرینوں کو بند کر دیا گیا تھا

بولان میل کی دوبارہ روانگی سے بلوچستان کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی یکم دسمبر کو بولان میل کا افتتاح کریں گے جو بلوچستان کے عوام کیلئے ایک تحفے سے کم نہیں ہے واضح رہے کہ کورونا وائرس کی وجہ سے جہاں پورے ملک میں ریلوے کے بیشتر ٹرینوں کو بند کر دیا گیا تھا اس دوران کوئٹہ سے کراچی جانے والی بولان میل کوئٹہ ایکسپریس کو بھی بند کر دیا گیا تھا جس کی وجہ سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا یکم دسمبر 2021 کو وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی سینیٹ سٹینڈنگ کمیٹی برائے ریلوے کے چیئرمین سینیٹر محمد قاسم، سینیٹر نصیب اللہ بازئی، سینیٹر سعد باچا، سینیٹر مرزا محمد آفریدی ودیگر سینیٹر کوئٹہ میں بولان میل کی دوبارہ روانگی کے موقع پر تقریب میں شرکت کریں گے تقریب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، گورنر بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

ہرنائی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو ہرنائی پہنچنے پر گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

ایم پی اے خاران ثناء بلوچ کے فرزند میر بالاچ ثناء کا علم خیل برادری سے ملاقات

حاجی اعجاز ثاقب اور ان کے برادری نے الیکشن میں خلوص دل سے ہمارا ساتھ دیا، ثناء بلوچ

خاران (نمائندہ خصوصی) ایم پی اے خاران ثناء بلوچ کے فرزند میر بالاچ ثناء کا علم خیل برادری سے ملاقات اس سلسلے میں انھوں نے علم خیل محلہ سالاری ہاؤس میں سابق کونسلر حاجی اعجاز ثاقب کی طرف سے ٹی پارٹی کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر سابق کونسلر حاجی حسن جان۔ محمد صلاح بھائی رحیم بھائی۔ جاوید سالارزئی شہزاد سالارزئی۔ وسیم سالارزئی لیاقت خان سالارزئی جبران سالارزئی علی احمد شیخ خلیل احمد حبیب گمشادزئی ملک عرض محمد دلدار بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

عوامی سیاسی وسماجی شخصیات نے رحمت شکیل ٹرسٹ کے فلاحی ادارے کے کام کو سراہا ہے

باجھی پور (نامہ نگار) ہمیشہ کی طرح اس سال بھی رحمت شکیل ٹرسٹ اور سیلانی کراچی کے تعاون سے دو روزہ مفت آنکھوں کا آپریشن ضلع صحبت پور سٹی میں جو 8,7 دسمبر کو ہو رہا ہے عوامی سیاسی وسماجی شخصیات نے رحمت بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ٹیکنکل ٹریکٹر کی پابندی کی وجہ سے سب لوگ پریشان ہے، سید محمد حیدر آغا

کوئٹہ (آن لائن) تاجر اتحاد بلوچستان رجسٹرڈ کے مرکزی صدر سید محمد حیدر آغا جنرل سیکرٹری حاجی سعد اللہ ترین سید عبدالمنان آغا عبدالخالق ڈاکٹر حاجی سعد اللہ لہڑی بہادر خان بادینی نجیب خان بڑیچ لعل خان ناصر علی احمد محمد حسنی آغا محمد کاکڑ احسان خان ترین ابراہیم آغا علی محمد کاکڑ محمد طاہر بڑیچ عبدالقیوم ظفر آغا روز الدین کاکڑ ستار خان نورزئی، اور دیگر اپنے بیان بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، محمد الیاس کبزئی

کیمپ میں مریضوں کا چیک اپ اور بہترین سہولیات کی فراہمی پر ایم ایس اور محکمہ صحت کے حکام کی کاوشیں قابل ستائش ہیں

مستونگ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر مستونگ میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کی چیک اپ اور بہترین سہولیات کی فراہمی پر ایم ایس اور محکمہ صحت کے حکام کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، ان خیالات کا اظہار انھوں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال مستونگ میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال مستونگ ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل کی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، صوبائی وزیر اریگیشن حاجی محمد خان لہڑی اساتذہ میں آرڈر تقسیم کرنے کی منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر کہور خان ایک ہمدرد ہر قسم کے تعصب سے پاک ایسے انسان تھے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے سابق چیئرمین، نیشنل پارٹی کے نومنتخب سیکرٹری ریسرچ وایڈوکیسی، ممتاز دانشور ڈاکٹر کہور خان کی ناگہانی وبے وقت موت پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انکے وفات کو صوبے کی ترقی پسند سیاست، روشن خیال طبقوں نیشنل پارٹی، اور مرحوم کے اہل خانہ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ماہیگیری کی تحفظ کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، ظہور بلیدی

غیر قانونی ماہیگیری میں ملوث ٹرالرز کو پکڑا کے خلاف فشریز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جا رہا ہے

ماہیگیروں کے روزگار کا تحفظ اور سمندری حیات کی نسل کشی کی روک تھام کیلئے مزید اقدامات کیے جائیں گے، صوبائی وزیر

گوادر (خ ن) صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ ماہیگیری کی تحفظ اور ٹرالنگ کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے ایم ایس اے اور محکمہ فشریز کی مشترکہ گشتی ٹیمیں گوادر کے ساحل سمندر میں 12 ناٹیکل میل کے حدود میں روزانہ کی بنیاد پر گشت کرتے ہوئے غیر قانونی ماہیگیری میں ملوث ٹرالرز کو پکڑا کے خلاف فشریز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جا رہا ہے، گزشتہ روز سربندن کے قریب ایک ٹرالر ضبط کرایا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزرا کی ایک مذاکراتی کمیٹی جن صوبائی وزیر سید احسان شاہ، میر ظہور احمد بلیدی صوبائی مشیر لالہ رشید دشتی شامل تھے گزشتہ دنوں مولانا ہدایت الرحمان سے مذاکرات کیے اور ان بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

قائمقام اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل اراکین اسمبلی کو اسپیکر کی رولنگ کی روشنی میں محکمہ لیبر کے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اقلیتی برادری دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار سمجھتی ہے، ڈاکٹر جگدیش کمار

دکھ سب کے ایک ہی ہیں چاہے اس کا تعلق کسی بھی طبقے سے ہو پاکستان ہمارا گھر ہے

بھاگ (این این آئی) بھاگ ہندو اقلیتی برادری کے پیشوا بابا موہن داس اواسی کی 34 ویں برسی کی مناسبت سے ڈاکٹر جگدیش کمار کی طرف سے دو روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد میڈیکل کیمپ کا افتتاح مہمان خصوصی مولانا امیر جان حاجی عبد الحکیم ضلع کچھی کے امیر مولانا سید ارشد شاہ تحصیل بھاگ امیر حافظ محمد یوسف گویا ڈاکٹر ورشن کمار چوہدری اندر لعل چوہدری رمیش کمار نیشنل پارٹی اقلیتی برادری گیلا رام گنجی چندو ودیگر اقلیتی برادری نے افتتاح کیا اس موقع بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عبدالحکیم موندرہ اور ڈاکٹر عبدالرشید رونجھو کی مخلصانہ کارکردگی قابل تعریف ہے

بیلہ (آن لائن) ڈاکٹر عبدالحکیم موندرہ اور ڈاکٹر عبدالرشید رونجھو کی مخلصانہ کارکردگی قابل تعریف ہے سول اسپتال بیلا میں عوامی طبی سہولیات کی بروقت فراہمی کے لیئے ڈاکٹرز کی کاوشیں نیک اقدام ہے عوام کارکردگی سے مطمئن ہیں ان خیالات کا اظہار بیلا کے عوامی نے آن لائن اور عوامی پریس کلب بیلا کے صحافیوں سے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

رکھنی علاقے میں اراضیات کا تنازعہ نظر رائی ریکی اور ساسولی مورچہ زن ہیں، کمشنر رخشان فوری نوٹس لیں، میر احسان الٰہی ریکی

فیصلہ شدہ اراضیات کے فیصلے پر تجاوز کے بعد مسئلہ سنگین ہو گیا ہے، انتظامیہ فوری مداخلت کرے، میر جہانگیر خان ریکی

ماشکیل (نامہ نگار) ممتاز نوجوان سیاسی رہنما میر احسان الٰہی ریکی، سابقہ کونسلر ماشکیل میر جہانگیر خان ریکی نے ضلع واشک کے سول انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ رکھنی علاقے میں ہمارے برادری اور برادر قوم ساسولی کے درمیان 2018 سے فیصلہ شدہ اراضیات کا مسئلہ سنگین ہو گیا ہے، قبائل مورچہ زن ہیں، اس ضمن میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم، کمشنر رخشان ڈویژن، ڈپٹی کمشنر واشک فوری طور پر مسئلہ پر نوٹس لیکر کسی سانحہ سے روکیں۔ ممتاز نوجوان سیاسی رہنما میر احسان الٰہی ریکی، سابقہ کونسلر ماشکیل میر جہانگیر خان ریکی نے ضلع واشک بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ماورائے آئین اقدامات کئے جا رہے ہیں، آغا حسن بلوچ

گورنر بلوچستان کی جانب سے ریلیوں احتجاج پر آرڈیننس کے ذریعے پابندی عائد کرنا ماورائے آئین اقدام ہے

بلوچستان پہلے ہی ناروا سلوک اور ناانصافیوں کا شکار ہے عوام احساس محرومی سماجی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ایم این اے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ایم این اے آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کہا گیا ہے کہ گورنر بلوچستان کی جانب سے ریلیوں احتجاج پر آرڈیننس کے ذریعے پابندی عائد کرنا ماورائے آئین اقدام ہے کیونکہ عوام کو آئین کی روح سے انسانی بنیادی حقوق کے تحت کے مطابق یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی جگہ رائے کا اظہار کر سکتے ہیں جب آئین میں حق حاصل ہے تو ایسے آرڈیننس غیر قانونی غیر آئینی اقدام کے مترادف عمل ہے بلوچستان پہلے ہی ناروا سلوک اور ناانصافیوں کا شکار ہے عوام احساس محرومی سماجی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ایسے اقدامات سے یقیناً محرومیوں میں اضافہ ہوگا جمہوری دور میں ایسی پابندیاں اور آرڈیننس بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی ملک میں عوام کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے ہر حد تک جائیگی، رحمت اللہ کدیزئی

ملک میں جمہوریت و آئین کی بحالی اور انکی حقیقی بالادستی قائم کرنے کیلئے ملک گیر جدوجہد میں تیزی لا رہی ہے

لورالائی (این این آئی) پیپلز پارٹی ژوب ڈویژن کے صدر رحمت اللہ کدیزئی قلات ڈویژن کے صدر رفیق سجاد زہری قلعہ سیف اللہ کے صدر محمد عمر موسیٰ زئی اور لورالائی کے صدر حسام الدین کاکڑ نے پی پی کے یوم تاسیس تیس نومبر پشاور میں شرکت کے موقع پر لورالائی سے روانگی کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک میں عوام کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے ہر حد تک جائیگی ملک میں جمہوریت وآئین کی بحالی اور انکی حقیقی بالادستی قائم کرنے کیلئے ملک گیر جدوجہد میں تیزی لا رہی ہے ملک کے تمام مسائل کا واحد حل عام الیکشن ہیں عمران خان کا دور حکومت تاریخ کا سیاہ ترین دور ہے عوام کا ایک کام انہوں نے کیا وہ مہنگائی کا تحفہ دیا گیا۔

پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ ہے، بابر یوسفزئی

بھارت نے پونے تین سال سے کشمیریوں پر ظلم کے جو پہاڑ توڑے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی وسماجی کارکن بابر یوسفزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ ہے بھارت نے پونے تین سال سے کشمیریوں پر ظلم کے جو پہاڑ توڑے ہیں بھارت کو ان کا جواب دینا ہوگا پونے تین سال سے کشمیریوں پر بنیادی سہولیات زندگی سمیت ہر قسم کی پابندی ہے مقبوضہ کشمیر میں کالے قانون کو زبردستی مسلط کر کے کشمیریوں کی آواز کو زبردستی دبانے کی بھارتی کوشش ناکام ہو چکی ہے کشمیریوں نے جس طرح بھارت کے کالے قانون اور زبردستی مقبوضہ کشمیر پر قبضے کے خلاف جو جدوجہد کی ہر پاکستانی اپنے کشمیری بھائیوں پر فخر کرتا ہے۔

محمد نور مسکان زئی کے والد کا فاتحہ آج کوئٹہ میں ہوگی

خاران (این این آئی) چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ جسٹس محمد نور مسکان زئی کے والد کا فاتحہ آج کوئٹہ میں ہوگی، وفاقی شرعی عدالت پاکستان کے چیف بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی واحد اخباری صنعت شدید مالی بحران کا شکار ہے، ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان

بلز کی عدم ادائیگی کے باعث اخبارات اور جرائد کارکنوں کو تنخواہیں دینے سے بھی قاصر ہو چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان نے اپنے بیان میں حکومت سے اخبارات اور جرائد کو بقایا جات کی ادائیگی کیلئے فنڈز جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی واحد اخباری صنعت شدید مالی بحران کا شکار ہے گزشتہ 4 ماہ سے اشتہارات کی مد میں بلز کی عدم ادائیگی کے باعث اخبارات اور جرائد کارکنوں کو تنخواہیں دینے سے بھی قاصر ہو چکے ہیں جبکہ دوسری جانب حکومت کی جانب سے فنڈز فراہم کرنے میں تاخیر کے سبب بحران سنگین صورتحال اختیار کر سکتا ہے۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان نے جرائد کے اشتہارات بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم بند گلی میں جا چکی، منفی رویہ چھوڑے تو واپسی ممکن ہے، ہمایوں اختر خان

عمران خان نے ملک کو پائیدار ترقی دینے کیلئے اصلاحات کا مشکل کام شروع کیا، سینئر مرکزی رہنما

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنے دور میں کرنٹ خسارے میں 800 فیصد اضافہ کیا، گزشتہ دو دہائیوں میں کبھی بھی ڈھانچہ جاتی اصلاحات نہیں ہوئیں جبکہ موجودہ حکومت معیشت کو مضبوط بنیاد دینے کیلئے اس پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے، سابقہ ادوار میں معیشت کا ستیاناس نہیں بلکہ سوا ستیاناس کیا گیا جس کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے، پی ڈی ایم اپنی منفی سیاست کے بوجھ تلے دب گئی، اس کے آفٹر شاکس بھی آئیں گے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی ادارے کہہ چکے ہیں کہ موجودہ حکومت اصلاحات کے عمل کے ذریعے درست سمت میں گامزن ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ائیرپورٹ سے باہر آ رہے ہیں، صوبائی وزرا بھی ہمراہ ہیں